کے قلم سے ایک مقدمہ ہے۔ پھر حواشی بھی جگہ جگہ ہیں۔ لیکن چونکہ یہ سب سندی زبان میں ہیں اس لئے ان سے استفادہ نہیں کیا جا سکا جس کا افسوس ہے۔ بہرحال کتاب تاریخی اور ادبی دونوں حیثیتوں سے بڑی قابلِ قدر ہے۔ اربابِ ذوق کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

صحیح بخاری شریف مترجم اردو جلد اوّل۔ تقطیع کلاں ضخامت ۴۴۹ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۵ روپیہ۔

پتہ:۔ محمد سعید اینڈ سنز ناشران و تاجران کتب۔ قرآن محل۔ مقابل مولوی مسافر خانہ۔ کراچی۔

محمد سعید اینڈ سنز فرم نے حدیث کی اہم کتابوں کو اردو میں منتقل کرنے کا جو پروگرام بنایا ہے اور جس پر بڑی تیزی سے عمل ہو رہا ہے۔ یہ کتاب اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔ صحیح بخاری کی عظمت اور اہمیت سے کون واقف نہیں اب تک یہ دولتِ عظمیٰ صرف عربی دانوں کے لئے مخصوص تھی اب اس ترجمہ کے ذریعہ اردو خواں حضرات بھی براہِ راست استفادہ کر سکتے ہیں ہم نے ادھر اُدھر سے پڑھ کر دیکھا۔ ترجمہ سہل و رواں اور عام فہم ہے۔ یہ صرف جلد اول ہے جو کتاب الشروط کی احادیث پر مشتمل ہے۔ شروع میں ایک مقدمہ ہے جو تدوینِ احادیث۔ احادیث کے اقسام۔ اور امام بخاریؒ کے ترجمہ پر مشتمل ہے۔ مدارس عربیہ کے طلبا خصوصاً اور عام مسلمان عموماً اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

احکام سلطانیہ یعنی اسلامی نظامِ حکومت مترجمہ و مرتبہ جناب مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی تقطیع خورد ضخامت ۵۳۶ صفحات کتابت وطباعت متوسط۔ قیمت مجلد چھ روپیہ۔ پتہ:۔ قرآن محل مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی ۱۔

علامہ ابوالحسن ماوردی المتوفی ۴۵۰ھ نے کتاب الاحکام السلطانیہ فی سیاسۃ المدنیۃ الشرعیۃ کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی جس میں اسلامی نظامِ سلطنت اور اس کے مختلف شعبوں